تمام نیویارک شہر پری کے فار آل، 3-K فار آل، ہیڈ اسٹارٹ اور ارلی لرن خاندانوں کے لیے:

شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم (DECE) کا ماننا ہے کہ تمام بچوں کو پیدائش سے پانچ سال کی عمر اور اسکے بعد اعلی معیار کی ابتدائی نگہداشت اور تعلیم ملنی چاہیئے۔ ہمارا ہدف ہے کہ آپکے بچے کو ایک ثقافتی طور پر اثر پذیر اور نشو ونما کے لیے مناسب تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے جہاں پر وہ اپنی مکمل استعداد تک پہنچنے کے لیے حفاظت اور اعتماد کے ساتھ چھان بین کرسکیں، رابطہ کرسکیں اور نشو ونما پاسکیں۔ جب بچوں کو انکے استعداد تک پہنچنے کے لیے یکساں مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، خاندانوں کو مضبوط ترین بنانے کے لیے معاونت دی جاتی ہے، بچے اسکول اور زندگی میں ایک صحتمند آغاز کرتے ہیں۔

خاندانوں سے عہدبستگی کا یہ دستاویز شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم کے تمام نوعیت کے پروگراموں میں قائم کردہ عالمگیر اہداف کا ایک بنیادی خاکہ فراہم کرتا ہے، اور یہ کہ ذیل کے شعبوں میں آپکے بچے کے پروگرام سے کیا توقع کی جائے:

- دونسلی طریقِ کار
- تدریس و تعلیم
- تنوع اور شمولیت
- پروگرام طریقِ عمل
- ذہنی اور جسمانی صحت
- وسائل

ہم نے وسائل کے جز میں رابطے کی معلومات بھی جمع کی ہیں اگر آپکے اپنے بچے کے پروگرام کے متعلق کوئی تبصرات یا سوالات ہوں۔ یاد رکھیں، آپ کبھی بھی والدین کے لیے معاونتی لائن (P311) پر کال کرسکتے ہیں: 311 ڈائل کریں اور "اسکولز" کہیں یا عام سوالات اور مدد کے لیے 718-935-2009 پر کال کریں۔

DECE آپکے بچے کی اعانت کے لیے عہد بستہ ہے اور پروگراموں کے ساتھ آپکے بچے کی کامیاب ہونے میں مدد کے لیے کام کررہا ہے، پروگرام کے ماحول اور سائز سے قطع نظر۔ ہمارا ماننا ہے کہ بچوں کی نشو ونما میں مدد کے لیے مکمل خاندان کی بہبود کی اعانت بنیادی ہے۔

بخلوص،

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم

تمام نیویارک شہر پری کے فار آل، 3-K فار آل، ہیڈ اسٹارٹ اور ارلی لرن پروگراموں کے لیے:

شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم (DECE) کا ماننا ہے کہ تمام نوعمر متعلمین کو پیدائش سے پانچ سال کی عمر اور اسکے بعد اعلی معیار کی ابتدائی طفلی نگہداشت اور تعلیم ملنی چاہیئے۔ ہمارا ہدف ہے کہ بچوں کو ایک ثقافتی طور پر اثر پذیر اور نشو ونما کے لیے مناسب تعلیمی ماحول فراہم کرنے میں آپکی اعانت کریں جہاں پر وہ اپنی مکمل استعداد تک پہنچنے کے لیے حفاظت اور اعتماد کے ساتھ چھان بین کرسکیں، رابطہ کرسکیں اور نشو ونما پاسکیں۔ جب بچوں کو انکے استعداد تک پہنچنے کے لیے یکساں مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، خاندانوں کو مضبوط ترین بنانے کے لیے معاونت دی جاتی ہے، بچے اسکول اور زندگی میں ایک زیادہ صحتمند آغاز کرتے ہیں۔

خاندانوں سے عہدبستگی کا یہ دستاویز خاندانوں کو شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم کے ہمارے تمام نوعیت کے پروگراموں میں قائم کردہ عالمگیر اہداف کا ایک بنیادی خاکہ فراہم کرتا ہے، اور یہ کہ خاندان اپنے بچے کے پروگرام سے کیا توقع کرسکتے ہیں۔ اس میں وسائل کے جز میں رابطے کی معلومات بھی شامل ہیں اگر انکے اپنے بچے کے پروگرام کے متعلق کوئی تبصرات یا سوالات ہوں۔ یہ دستاویز خاندانوں کو متعدد ذرائع سے دستیاب بنائی جائے گی، جیسے نیوہارک شہر محکمئہ تعلیم ویب سائٹ اور پیدائش سے پانچ سال پالیسی کتابچہ۔ ہم آپ سے اسے تعلیمی سال کے آغاز میں اپنے عملے اور خاندانوں کو تقسیم کرنے کی حوصلہ افزائی بھی کرتے ہیں۔

DECE پروگراموں کے ساتھ بچوں کی کامیاب ہونے میں مدد کے لیے ملکر کام کرنے پر عہد بستہ ہے، پروگرام کے ماحول اور سائز سے قطع نظر۔ ہم خاندانوں کے ساتھ مستحکم تعلقات تعمیر کرنے کے لیے پروگرام قائدین اور تدریسی ٹیموں کے ساتھ شراکت کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں، کیونکہ ہمارا ماننا ہے کہ بچوں کی نشو ونما میں مدد کے لیے پورے خاندان کی بہبود کی اعانت بنیادی ہے۔

بخلوص،

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم

# شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم کی خانداوں سے عہدبستگی

محکمئہ تعلیم کا شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم (DECE) کا نصب العین ہے کہ ملک میں ایک بہترین ابتدائی نگہداشت اور تعلیمی نظام بنایا جا ئے تاکہ نیویارک شہر کے ہر بچے کو اپنی بھرپور استعداد تک پہنچنے کا منصفانہ موقع ملے۔ اس مقصد کی اعانت میں، DECE خاندانوں کو ذیل کے عہد اور وسائل پیش کرتا ہے یہ یقینی بنا نے کے لیے کہ تمام نوعمر متعلمین ممکنہ اعلی ترین معیار کی نگہداشت موصول کررہے ہیں۔

عہدبستگی کے چھ جز ہیں، اور ذیل میں ہر ایک کا جائزہ ہے۔ مزید جاننے کے لیے عنوان پر کلک کریں۔

## فہرستِ مندرجات

### دو نسلی طریقِ کار

*DECE* پورے خاندان کو خدمات فراہم کرنے کے لیے عہدبستہ ہے یہ یقینی بنا تے ہوئے کہ پروگرام کے ڈیزائن اور فیصلہ سازی میں مختلف ضروریات اور اہداف شامل کیے گئے ہیں۔

### تدریس و تعلیم

*DECE* آپکے بچے کو کھیل پر مبنی تعلیم، چھان بین میں اعانت اور پورے خاندان کے ساتھ یہ یقینی بنا نے میں شراکت کرنے کے لیے عہد بستہ ہے کہ آپکے اپنے بچے کے لیے اہداف کو تدریس میں شامل کیا گیا ہے۔

### تنوع اور شمولیت

*DECE* ہمارے شہر میں متنوع خاندان اور ثقافت کے شامل کرنے اور اعزاز دینے کے لیے عہد بستہ ہے جب ہم ابتدائی نگہداشت اور تعلیمی پروگرامز اور خاندانوں کے لیے وسائل ملکر تخلیق کریں۔

### پروگرام طریقِ عمل

*DECE* آپکے خاندان کو ایک مفت، مکمل دن، اعلی معیار کے پروگرام تک رسائی فراہم کرنے کے لیے عہدبستہ ہے۔

### ذہنی اور جسمانی صحت

*DECE* ایک ابتدائی تعلیمی تجربہ فراہم کرنے کے لیے عہد بستہ ہے جہاں تمام بچے اور خاندان جسمانی اور ذہنی دونوں طریقے سے صحتمند، محفوظ اور نمویافتہ محسوس کریں۔

### وسائل

خاندانی شمولیت، اندراج، خاص تعلیم، اور کثیرالسانی متعلمین کے بارے میں اپنے سوالات کے لیے وسائل اور رابطہ معلومات تلاش کریں۔

## دونسلی طریقِ کار

*DECE* پورے خاندان کو خدمات فراہم کرنے کے لیے عہدبستہ ہے یہ یقینی بناتے ہوئے کہ پروگرام کے ڈیزائن اور فیصلہ سازی میں مختلف ضروریات اور اہداف شامل کیے گئے ہیں۔

ایک دو نسلی (2Gen) طریقِ کار بچوں اور بالغان کی زندگیوں میں ملکر کام کرکے خاندانی بہبود کی تعمیر کرتا ہے۔ یہ طریقِ کار تسلیم کرتا ہے کہ خاندان مختلف اشکال اور سائز میں ہوتے ہیں، جیسا کہ خود خاندانوں نے وضاحت کی ہے۔ DECE تسلیم کرتا ہے کہ نگہداشت فراہم کنندہ اپنے بچوں کے پہلے اساتذہ اور حمایتی ہوتے ہیں، اور ایک اعلی معیار کا پروگرام تعمیر کرنے کے لیے، ابتدائی طفلی قائدین اور عملے کے لیے بچوں اور انکی زندگی میں بالغان کے لیے ایک مکمل خاندان کے طریقِ کار کو قائم کرنا لازمی ہے۔

- پروگرام والدین اور نگہداشت فراہم کنندگان کو بطور اپنے بچوں کے پہلے استاد کے اچھی طرح تسلیم کرتے ہیں، اور آپکے ساتھ ان اہداف کی اعانت میں کام کرتے ہیں جو آپ کے اپنے بچوں کے لیے ہوسکتے ہیں۔ ایک سال کے شروع کا سوالنامہ نمونہ دیکھیں جو ہم تجویز کریں گے کہ پروگرامز خاندانوں کے ساتھ اہداف قائم کرنے کے لیے استعمال کریں، اور سال کے اختتام پر سوالنامہ خاندانوں کی اگلے سال میں منتقلی میں مدد کے لیے۔ ترجمے یہاں دیکھیں۔
- پروگرام کے منتظمین پروگراماتی فیصلے کرتے وقت خاندانوں کی آرا کو زیرِ غور لائیں گے۔
- پروگرامز خاندان کے تنوع اور ثقافتی پسِ منظروں کا احترام اور عکاسی کریں گے جب آپکے بچے کی تعلیم اور پروگرام کی پالیسیوں اور سرگرمیوں کے بارے میں اہم معلومات کا اشتراک کریں گے۔
- پروگرام اپنی برادریوں میں وسائل سے باخبر رہیں گے اور ضرورت پڑنے پر خاندانوں کو ان وسائل سے مربوط کریں گے تاکہ پورے خاندان کی بہبود اور استحکام کو یقینی بنایا جاسکے۔
- ہیڈ اسٹارٹ پروگرامز نظم وضبط کے طریقِ کار اور خاندان کی شراکت کے معاہدوں میں تمام خاندانوں کے ساتھ سرگرم ہونگے۔ مزید معلومات کے لیے ہیڈ اسٹارٹ پروگرام نظم وضبط معیارات دیکھیں۔

## تنوع اور شمولیت

*DECE* ہمارے شہر میں متنوع خاندان اور ثقافت کے شامل کرنے اور اعزاز دینے کے لیے عہد بستہ ہے جب ہم ابتدائی نگہداشت اور تعلیمی پروگرامز اور خاندانوں کے لیے وسائل ملکر تخلیق کریں۔

- پروگرامز ایک گرم جوش اور استقبالیہ فضا فراہم کریں گے جو آپکے خاندان کی زبان اور ثقافت کا احترام کریں گے۔
- پروگراموں کی آپکو شامل کرنے کی کوششوں کا مرتکز آپکی ترجیحی زبان میں ابلاغ، اور آپکے خاندان کی نسلی اور ثقافتی پہچان کا احترام ہوگا۔
- پروگرام ہر برادری کی یکتا ضروریات کو سمجھنے کے لیے کام کریں گے اور اس علم کو باخبر فیصلہ سازی میں استعمال کریں گے۔
- پروگرام کے لیے اصل یا متصور نسل، رنگ، مذہب، عمر، عقیدہ، قومیت، قومی نژاد، غیرملکی ہونے کی صورت، شہریت کی صورتِ حال، وزن، معذوری، جنسی رجحان، صنعفِ جنس، جنسی شناخت یا اظہار، یاخود مختاری کی سطح سے قطئہ نظر یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنا لازمی ہے[1]۔

[1] وہ پروگرامز جو ایک توسیعی دن اور سال پیش کرتے ہیں، بشمول ہیڈ اسٹارٹ، انکی آمدنی کی اہلیت اور دیگر تقاضے ہوتے ہیں جنکی تکمیل کرنا خاندانوں کے لیے اپنے بچے کا اندراج کروانے کے لیے لازمی ہے۔ ان پروگراموں کی مائی اسکولز میں نشاندہی کی گئی ہے۔

- مثلاً، ایک پروگرام آپکے بچے کو داخلے سے انکار نہیں کرسکتا اگر وہ خود مختاری سے بیت الخلا کا استعمال نہیں کرسکتے یا اگر وہ ابھی خود سے لباس نہیں پہن سکتے۔
- اگر آپکا بچہ کسی معذوری کا حامل ہے، وہ ابتدائی طفلی پروگراموں میں شرکت کا اہل ہے۔
  - 0-3 سالہ بچے جو فی الوقت ابتدائی مداخلت (EI) خدمات بذریعہ محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (DOHMH) موصول کررہے ہیں وہ یہ خدمات اپنے ابتدائی طفلی پروگرام میں حاصل کرسکتے ہیں۔
  - بچے جو 3-5 سال کی عمر کے ہیں وہ ابتدائی طفلی پروگراموں میں شرکت کرسکتے ہیں (1) چاہے آپکا CPSE کو ایک حوالہ جمع کروانے کا منصوبہ ہو یا نہ ہو یا آپ نے ایک حوالہ پہلے ہی محکمئہ تعلیم کو جمع کروادیا ہے؛ (2) اگر آپ فی الحال CPSE طریقِ کار سے گزر رہے ہیں؛ یا (3) اگر آپکے بچے کا پہلے ہی ایک انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) ہے، بشمول اگر انکا ایک IEP ہے جو ایک ہم آہنگ ماحول میں خاص کلاس (SCIS) یا خاص کلاس تجویز کرتا ہے۔[2]

## ذہنی اور جسمانی صحت

*DECE* ایک ابتدائی تعلیمی تجربہ فراہم کرنے کے لیے عہد بستہ ہے جہاں تمام بچے اور خاندان جسمانی اور ذہنی دونوں طریقے سے صحتمند، محفوظ اور نمویافتہ محسوس کریں۔

- پروگرامز ایک استقبالیہ، معاونتی، صدماتی فہم کے ساتھ[3]، اور متنوع تعلیمی ماحول فراہم کریں گے اور خاندانوں کے ساتھ انکے موجودہ سماجی اور جذباتی ضروریات کی تکمیل کے لیے شراکت کریں گے۔
- آپکے بچے کی تدریسی ٹیم اثر پذیر نگہداشت کے ذریعے آپکے بچے اور انکی ضروریات کو جاننے کے قابل ہوگی، اور شفیق تعلقات اور تدریسی ماحول پیش کرے گی جو انکی جسمانی، سماجی، اور جذباتی ضروریات کی تکمیل کرے گا۔ مثلاً، جیسے آپکا بچہ نشو ونما پائے گا وہ سیکھیں گے کہ اپنے کڑے جذبات کی کیسے نشاندہی، بیان اور اظہار کریں۔
- پروگرامز آپ کے بچے کے حصہ لینے میں مدد کے لیے کسی بھی ضروری صحت یا طبی سہولیات کی پیشکش کریں گے یا دوسرے پروگرام کے ساتھ ہم آہنگی میں مدد کریں گے۔
- آپکے بچے کی نگہداشت کرنے والا بالغ فرد تمام لازمی حفاظتی اور طبی اجازت نامے رکھے گا۔
- آپکے بچے کی حفاظت سے نگہداشت کرنے کے لیے پروگرامز میں ایک لازمی عملے سے بچوں کے تناسب کی پیروی کرتے ہوئے ہر وقت مناسب عملہ ہوگا، اور یہ یقینی بنائے گا کہ آپکے بچے پر ہر وقت نظر رہے۔
- پروگرامز عمارت کو صاف اور محفوظ رکھیں گے اور آپکے بچے کی صحت اور بہبود کو یقینی بنانے کے لیے تمام موجودہ صحت اور حفاظت کے رہنما خطوط کی پیروی کریں گے۔
- پروگرامز نوعمر بچوں کے لیے سامان اور کھلونوں سے مکمل ایک نشو ونمائی طور پر مناسب ماحول فراہم کریں گے جو آپکے بچے کو سیکھنے میں مدد دے گا۔
- پروگرامز آپکے بچے کو پُرغذائیت کھانے اور / یا اسنیکس ہر روز فراہم کریں گے۔

---

[2] اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپکا بچہ کسی معذوری یا نشو ونمائی تاخیر کا حامل ہے جو اسکی سیکھنے کی صلاحیت پر اثرانداز ہوسکتی ہے، پہلے اپنے بچے کے پروگرام سے بات کریں کہ آیا عام تعلیمی ماحول کے اندر ایسی کوئی ارتقائی یا تعلیمی مداخلتیں ہیں جو آپکے بچے کی اعانت کرسکیں۔ اگر حکمت عملیاں نافذ کی گئی ہیں اور آپ سمجھتے ہیں کہ آپکے بچے کو خاص تعلیم خدمات درکار ہوسکتی ہیں، آپکا پروگرام آپکو مفت خاص تعلیم خدمات حاصل کرنے کے لیے نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم کے پاس ایک تشخیص کے لیے ابتدائی حوالہ جمع کروانے میں مدد کرسکتا ہے۔ (*(CPSE*۔

[3] صدماتی فہم کے ساتھ طریقِ کار وہ ہے جہاں انکے پروگرام میں ہر فرد، اپنے عہدے یا کردار سے قطع نظر، "صدمے کے دُور رس اثر کو تسلیم کرے گا اور بحالی کے ممکنہ راستوں کو سمجھے گا؛ اسامیوں، خاندانوں، عملے اور سسٹم کے ساتھ متعلقہ دیگر افراد میں صدمے کے اشاروں اور علامات کو سمجھے گا؛ اور پالیسیوں، کاروائیوں اور طریقِ کار میں صدمے سے متعلق علم کو ضم کرکے ردِعمل کرے گا، اور دوبارہ صدمہ کاری سے بچانے کی سرگرم کوشش کرے گا۔" منشیات کا استعمال اور ذہنی صحت سے متعلقہ خدمات کی انتظامیہ۔ منشیات کا *SAMHSA’s Concept of Trauma and Guidance for a Trauma-Informed Approach. HHS Publication No. (SMA) 14-4884. Rockville, MD:* استعمال اور ذہنی صحت سے متعلقہ خدمات کی انتظامیہ، 2014

## تدریس و تعلیم

*DECE* آپکے بچے کو کھیل پر مبنی تعلیم، چھان بین میں اعانت اور پورے خاندان کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لیے شراکت کرنے کے لیے عہد بستہ ہے کہ آپکے اپنے بچے کے لیے اہداف کو تدریس میں شامل کیا گیا ہے۔

- پروگرامز آپکے بچے کی عمر کے مطابق اسکی تعلیم کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے ذیل کے بنیادی خاکوں اور معیارات کو استعمال کرے گا: [نیو یارک ریاست پری کنڈرگارٹن تعلیمی معیارات](NYSPLS) اور [ارلی لرننگ نتائج کا بنیادی خاکہ](ELOF)۔
- آپکے بچے کی تدریسی ٹیم اور پروگرام / نیٹ ورک منتظمین کی انکے عہدوں کی مناسبت سے اہلیت ہوگی۔
- آپکے بچے کی تدریسی ٹیم آپکے بچے کو اپنی شناخت کی خوشی منانے، اپنی دلچسپیوں کی چھان بین کرنے، اور اپنے ہمسروں کے ساتھ ایک برادری کا احساس تعمیر کرنے کے مواقع فراہم کرے گی جب وہ کھیلیں گے اور اپنے اردگرد کی دنیا کو دریافت کریں گے۔
- پروگرامز آپکے بچے کو مختلف نوعیت کے تدریسی مواد استعمال کرتے ہوئے، بڑے گروپ، چھوٹے گروپ اور خودمختار تجربات اور جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا مواقع فراہم کریں گے۔
- پروگرامز آپ اور آپکے بچے کے لیے تعلیمی ماحول سے باہر ملکر کرنے کے لیے سرگرمیاں پیش کرے گا جو انکی اس دن کی تعلیم کو توسیع دیں گی۔
- پروگرامز آپکے خاندان کی کثیر السانیات کی قدر کریں گے اور آپکی ایکدوسرے کے ساتھ آپکی ترجیحی زبان میں بات کرنے کی حوصلہ افزائی کریں گے۔
- پروگرامز آپکے بچے کی پروگرام میں آنے اور جانے میں منتقلی میں آپکے ساتھ منصوبہ بندی کریں گے۔

## پروگرام طریقِ عمل

*DECE* آپکے خاندان کو ایک مفت، مکمل دن، اعلی معیار کے پروگرام تک رسائی فراہم کرنے کے لیے عہدبستہ ہے۔

- خاندانوں کے منتخب کرنے کے لیے مختلف پروگرامز ہیں:
    - "تعلیمی دن اور سال" پروگرامز سالانہ 176 تدریسی دن پیش کریں گے، ہر روز 6 گھنٹے اور 20 منٹس کے لیے۔
    - "توسیعی دن اور سال" پروگرامز میں ارلی ہیڈ اسٹارٹ، ہیڈ اسٹارٹ، اور دیگر توسیعی دن / سال پروگرامز شامل ہیں۔ یہ پروگرامز طویل دن ( 8 یا 10 گھنٹے) اور سال بھر خدمات (225 دن یا 260 دن) فراہم کرتے ہیں۔
- پروگرامز پری رجسٹریشن یا اندراج، یا تدریسی مواد، اسکول کا سامان یا خاص سرگرمیوں کے لیے فیس نہیں لیں گے۔ وہ پروگرامز جنکی چائلڈ کئیر ڈولپمنٹ بلاک گرانٹ (CCDBG) کے ذریعے سرمایہ کاری کی جاتی ہے وہ خاندان سے فیس موصول کرتے ہیں، جو ایک متغیر پیمانے (سلائڈنگ اسکیل) پر مبنی ہوتی ہے۔
- آپکے خاندان کو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کی جانب سے پیش کی جانے والی خدمات موصول کرنے کے لیے فراہم کنندہ کے ذریعے پیش کی جانے والی کسی دوسری پروگرامنگ میں شرکت کرنا مطلوب نہیں ہے۔

## وسائل

نہ صرف اپنے بچے کے بطور ایک حمایتی کے، بلکہ ان برادریوں کے بھی جن میں آپ رہتے ہیں، آپکی آواز مرکزی ہے کہ آپکا ابتدائی طفلی پروگرام کس طرح آپکے خاندان اور برادری کی ضروریات کی تکمیل کرتا ہے۔ اگر آپکا خیال ہے کہ آپکا بچہ اعلی معیار کی دیکھ بھال اور تعلیم موصول نہیں کررہا ہے، یا آپ ہمیں اپنے تبصرات فراہم کرنا چاہتے ہیں، آپ ذیل کے شعبوں میں روابط سے رابطہ کرسکتے ہیں:

| | |
|---|---|
| **عام وسائل برائے خاندان** | **اندراج** |
| **خاص تعلیم** | **کثیرالسانی متعلمین** |

### عام وسائل برائے خاندان

- والدین کے لیے مدد لائن کو کال کریں (P311): 311 ڈائل کریں اور "اسکولز" کہیں یا 718-935-2009 پر کال کریں۔ P311 کے اوقات پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے کے دوران ہیں۔
- سینئر منتظم اعلی برائے خاندانی خود مختاری اور برادری کی شراکت کو FECP@schools.nyc.gov پر خاندان کی شراکت کے متعلق اپنے سوالات کے ساتھ ای میل کریں۔
- ریموٹ لرننگ وسائل اور صحت اور حفاظت کی تجاویز کے لیے، ابتدائی طفلی تعلیم گھر پر کے صفحے پر جائیں اور ساتھ ہی عام ابتدائی طفلی صفحے پر جائیں یہ دیکھنے کے لیے کہ تمام پروگراموں سے کیا توقع کریں۔
- گروئنگ اپ این وائی سی پر ابتدائی طفلی خاندان کے لیے ٹُول کٹ پر جائیں دستی منتخب کردہ وسائل کے لیے جو بچوں کو سیکھنے، کھیلنے اور صحتمند پروان چڑھنے میں مدد دیتے ہیں۔
- ایک مفت خاندانوں کی مصروف عملی کا نصاب موصول کرنے کے لیے Ready4K پر سائن اپ کریں۔ ہر ہفتے، آپ مختصر عبارتی پیغامات پُرلطف حقائق اور آسان مشوروں کے ساتھ موصول کریں گے کہ کیسے اپنے بچے کی نشو ونما کو موجودہ خاندانی معمولات کے ذریعے آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ 70138 پر "NYC"ٹیکسٹ کریں۔
- عارضی رہائش گاہوں میں طلبا کے لیے وسائل تلاش کریں، جیسے عوامی نقل و حمل میں مدد۔
- اس تکنیکی معاونتی فارم کو مکمل کریں تاکہ آپ ہمیں بتا سکیں کہ آپ کے محکمئہ تعلیم کے جاری کردہ آئی پیڈ / آلات کے ساتھ، درخواستوں تک رسائی میں، یا کوئی دیگر تکنیکی مسائل درپیش ہیں۔

### 3-K ، پری کنڈرگارٹن، ارلی لرن، کنڈرگارٹن اور قابل اور ہنرمند اندراج

- 0-2 سالہ بچے سارا سال ارلی لرن میں اندراج کرواسکتے ہیں۔ اہلیت آپ کے خاندان کی آمدنی اور ضروریات پر منحصر ہے۔ nyc.gov/EarlyLearn پر مزید جانیں۔
- ہر موسمِ سرما میں محکمئہ تعلیم اگلے تعلیمی سال کے لیے داخلے کی درخواستیں جمع کرتا ہے۔ خاندان 3-K ، پری کنڈرگارٹن، ارلی لرن، کنڈرگارٹن اور قابل اور ہنرمند پروگراموں میں داخلے کے لیے داخلوں کے طریق کار میں حصہ لے سکتے ہیں۔
- نیویارک شہر کے تمام خاندان ذیل میں درخواست دے سکتے ہیں:
  - **3-K** اس سال جب آپکا بچہ 3 سال کا ہو۔ nyc.gov/3K پر مزید جانیں۔
  - **پری کنڈرگارٹن** اس سال جب آپکا بچہ 4 سال کا ہو۔ nyc.gov/PreK پر مزید جانیں۔

- **کنڈرگارٹن** اس سال جب آپکا بچہ 5 سال کا ہو۔ schools.nyc.gov/kindergarten پر مزید جانیں۔
- قابل اور ہنرمند میں داخلے جب بچے الیمنٹری اسکول کا آغاز کررہے ہوں۔ schools.nyc/GT پر مزید جانیں۔

- ہر داخلے کا طریق کار کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے ای میلز موصول کرنے کے لیے schools.nyc.gov/sign-up پر سائن اپ کریں۔
- FWCs سے رابطہ کرنے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز صفحہ (FWC) پر جائیں۔
- ابتدائی طفلی تعلیم اندراجی ٹیم کو اپنے اندراج کے بارے میں سوالات کے لیے ESEnrollment@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

## خاص تعلیم وسائل

- 0-3 سال کی عمر کے بچوں کے لیے، اگر آپ محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت کے شعبہ برائے ابتدائی مداخلت کا ایک حوالہ بنا نے میں دلچسپی رکھتے ہیں، آپ 311 کو کال کرسکتے ہیں اور ابتدائی مداخلت کے بارے میں پوچھیں یا خاندانوں کے لیے ابتدائی مداخلت معلومات صفحہ یہاں پر جائیں۔
  - آپ محکمئہ تعلیم ابتدائی مداخلت برائے پری اسکول ٹیم سے EItoPreschool@schools.nyc.gov یا 646-389-7171 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔
- خاص تعلیم کے بارے میں استفسارات:
  - DOE خاص تعلیم ہاٹ لائن: 718-935-2007
  - SpecialEducation@schools.nyc.gov
- متعلقہ خدمات: RelatedServices@schools.nyc.gov
- معاونتی تکنیک: CATpreschool@schools.nyc.gov
- اپنے ضلع کے لیے رابطے کی معلومات تلاش کریں CPSE آن لائن یہاں۔
- اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ اپنے بچے کے لیے خدمات تک کیسے رسائی حاصل کریں، آپ اسکا ذیل میں جائزہ لے سکتے ہیں:
  - محکمئہ تعلیم ابتدائی مداخلت رہنما کتابچہ برائے پری اسکول منتقلی
  - محکمئہ تعلیم خاندان کے لیے رہنما کتابچہ برائے خاص تعلیم خدمات
  - محکمئہ تعلیم کا پری اسکول میں منتقلی صفحہ

## کثیرالسانی متعلمین وسائل

- ایک بچے کی گھریلو زبان ایک اٹوٹ ثقافتی خزانہ ہے جسکی کلاس روم اور پروگرام کے ماحول میں احترام، توثیق اور عکاسی کی جانی چاہیئے۔ اپنے حقوق بطور ایک انگریزی زبان کے متعلمین کے والدین کے بارے میں جانیں۔
- آپ کو اپنی زبان میں معلومات موصول کرنے یا اپنے بچے کے پروگرام کے عملے کے ایک رکن، فیملی چائلڈ کئیر نیٹ ورک یا محکمئہ تعلیم (DOE) کے دفتر کے ساتھ اپنی زبان میں ابلاغ کرنے کا حق حاصل ہے۔ مزید معلومات کے لیے نیو یارک شہر پبلک اسکول آپ کی زبان بولتے ہیں پر جائیں۔
- نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم کی جانب سے پری کنڈرگارٹن ایمرجنٹ کثیرالسانی متعلمین کے خاندانوں کے لیے استقبالیہ مراسلہ پڑھیں۔
- برادری میں قائم تنظیمیں تلاش کریں جو لسانی اور ثقافتی طور پر متنوع خاندانوں کی معاونت کرتی ہیں۔
- انگریزی زبان کے متعلمین کے خاندانوں کے لیے مددگار لنکس ملاحظہ کریں۔